# تعارفِ مُصنّف

## أبو اللّیث محمد طاهر القادری النّعیمی حفظه الله

**از قلم: علامہ سیّد محمد منیر شاہ حفظہ اللہ، متخصص فی الفقہ الإسلامی، دار الإفتاء النّور**

اُستاذِ محترم علامہ محمد طاہر صاحب زِید مجدُہ ایک نہایت ذہین، نفیس اور سہل شخصیت کے مالک ہیں۔ شیخ الحدیث جامعۃ النور ورئیس دار الافتاء النور ڈاکٹر مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی مدظلہ کے ہونہار تلامذہ اور جامعۃ النّور کے قابل اساتذہ میں سے ہیں۔ ہماری کلاس کو تخصّص سالِ اول میں آپ سے در مختار کتاب البُیوع اور تخصص فی الفقہ سالِ دوم میں درّ مختار کتاب الوقف اور سراجی فی المیراث پڑھنے کا موقع ملا۔ آپ نہ صرف متون کی احسن انداز میں تدریس کرتے ہیں بلکہ مسائل کو دورِ حاضر پر بھی منطبق فرماتے ہیں۔ مقام کا تقاضہ اختصار کا ہے لہٰذا مندرجہ ذیل تعارُف ہی اجمالی طور پر پیش کیا جاتا ہے۔

- **نام:** أبو اللیث محمد طاہر قادری نعیمی بن عبد الرحیم قادری
- **والد:** عبد الرحیم قادری بن محمد اسمٰعیل قادری
- **کنیت:** أبو اللیث
- **مرشد گرامی:** حضرت علامہ مولانا سید شاہ تراب الحق قادری نوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
- **پیدائش:** 7 اگست 1988ء
- **تعلیمی سفر:**

ا۔ **میٹرک سائنس**، سن ۲۰۰۴ء، سندھ بورڈ۔

(MATRIC SCIENCE (SIND BOARD), 2004, A1 GRADE)

۲۔ انٹر کامرس، سن ۲۰۰۶ء، انٹر بورڈ سندھ۔

INTERMEDIATE (COMMERCE), SIND INTER BOARD, 2006, (A GRADE)

۳۔ بی کام (گریجویشن)، کامرس، سن ۲۰۰۸ء، کراچی یونیورسٹی۔

(B.COM (KARACHI UNIVERSITY), 2008, FIRST DIVISION)

۴۔ ایم-اے MA اسلامک اسٹڈیز (ماسٹرز)، سن ۲۰۱۹، کراچی یونیورسٹی۔

(MA ISLAMIC STUDIES (KARACHI UNIVERSITY), 2019, FIRST DIVISION)

۵۔ جامعۃ النور (جمعیت اشاعتِ اہلسنت، پاکستان)، نور مسجد، کاغذی بازار، کراچی سے علم دین کے حصول کا آغاز کیا اور درس نظامی و دورۂ حدیث (۸ سالہ عالم کورس) کی، سن ۲۰۱۲ء میں تکمیل کی۔

(8 YEARS' ISLAMIC SCHOLAR COURSE), NOOR MASJID (JAAMIATUN NOOR), 2012)

۶۔ ACCA، (ایسوسیٹ۔ چارٹرڈ۔ سرٹیفائڈ۔ اکاؤنٹنٹ)، سن۔ 2014، پروفیشنل سرٹیفکیٹ۔

۷۔ تخصص فی الفقہ الاسلامی (حنفی) اور شیخ الحدیث ڈاکٹر مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی کی زیر سرپرستی اِفتاء کی تربیت، سن ۲۰۱۶ سے جاری۔

(TAKHASSUS FIL FIQH (MUFTI COURSE AND PRACTICE), 2016 ONWARDS)

- تدریسی تجربہ:

**۲۰۱۲ سے اب تک (یعنی ۲۰۲۴ تک): درس نظامی کی تدریس کو ۱۲ سال ہو چکے ہیں۔ مزید گزشتہ کئی سالوں سے دورۂ حدیث شریف میں صحاح ستہ اور تخصص فی الفقہ میں مختلف منتہی کتب کی تدریس جاری ہے**

- **اجازات:**
- اجازتِ حدیث (شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا المفتی الدکتور محمد عطاء اللہ نعیمی)
- اجازت بالحدیث و الفقہ و التصوف (شیخ عبدالعزیز محمد سھیل الخطیب الحسنی، شیخ السجادہ الرفاعیہ والشاذلیہ و القادریہ و النقشبندیہ، شام)
- **اساتذہ:**
  - شیخ الحدیث حضرت علامہ ڈاکٹر ڈاکٹر محمد عطاء اللہ نعیمی دامت برکاتہ العالیہ
  - حضرت علامہ مولانا محمد عثمان برکاتی رحمہ اللہ (بانی جامعۃ النور)
  - حضرت علامہ مولانا مفتی محمد ذاکر اللہ نقشبندی (مترجم کنزالایمان پشتو) دامت برکاتہ العالیہ
  - حضرت علامہ مولانا محمد مختار اشرفی دامت برکاتہ العالیہ
  - حضرت علامہ مولانا محمد انیس برکاتی دامت برکاتہ العالیہ
  - حضرت علامہ مولانا عبدالمصطفیٰ اللہ رحم ہمدمی دامت برکاتہ العالیہ

  وغیرہم
- **تالیفات ورسائل:**

1. **صاع کی تحقیق**
2. **علم المیراث (مختصر وجدید انداز میں رسالہ) اور پریزینٹیشن سلائڈز**

3. **اسباب ستہ کی تفصیل (ضرورت، حاجت، دفعِ حرج، عموم بلویٰ وغیرہ کی تحقیق)**
4. **احرام حج وعمرہ کے مسائل کے نقشہ جات، چارٹس**
5. **عرفات مظہر کی طرف سے غیر مسلم گستاخ سے متعلق احناف کے مؤقف پر اشکالات کے جوابات**
6. **سعی الإفهام تلخیص أجلى الإعلام (اعلیٰ حضرت امام اہلسنت کے رسالہ اجلی الإعلام کا خلاصہ، نئے انداز میں)**
7. **<u>تحقیق وتخریج وحواشی اور تعارف مصنفین کا کام:</u>**

- **الإتحاف فی الاحادیث الواردۃ فی فضائل الطواف** (فضائل طواف میں احادیث) از: مفتی مکّہ مکرّمہ شیخ الإسلام برهان الدین ابو محمد، إبراهیم بن حسین المعروف ب **''پیری زادہ''**
- **جواب من دخول بُستان بنی عامر للتخلص من الإحرام** (بستان بنی عامر (یا حل کے کسی مقام) کا قصد رکھنے والے کے احرام کا مسئلہ) از: مفتی مکّہ مکرّمہ شیخ الإسلام برهان الدین ابو محمد إبراهیم بن حسین المعروف ب **''پیری زادہ''**
- **رسالۃ فی عدم جواز بیع الحیوان بالحیوان نسیئۃ** (جانور کو جانور کے بدلے ادھار بیچنے کے مسئلہ پر علامہ **اکمل الدین بابرتی** صاحبِ عنایہ شرح ہدایہ کے رسالہ کا ترجمہ وتقدیم وتخریج وحواشی)
- **خطبہ حجۃ الوداع کی ریکارڈنگ کے دعوے کی حقیقت ـ شریعت عقل اور سائنس کی نظر میں**